تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : مثالی اسلامی ریاست کے خدوخال
مصنف : فرقان دانش خان
ضخامت : 176 صفحات
قیمت : 80روپے
ملنے کا پتہ : ☆صفہ پبلشرز‘عطی بلڈنگ‘19A۔ایبٹ روڈ‘لاہور
☆قرآن اکیڈمی‘36کے‘ماڈل ٹاؤن‘لاہور

دین کامل ہونے کے ناطے اسلام کی تعلیمات ہمہ گیر اور جامع ہیں۔انسانی زندگی کو درپیش ہر مسئلے کا حل اس میں موجود ہے۔اس کا اپنا نظامِ اخلاقیات ہے جو عین فطری تقاضوں کے مطابق ہے۔اسی طرح اس کا معاشرتی نظام‘ معاشی نظام اور سیاسی نظام اپنی مثال آپ ہیں۔اس کے سیاسی نظام کو اس طرح استوار کیا گیا ہے کہ اسلامی ریاست میں ہر طرف امن وامان اور عدل وانصاف کا دور دورہ ہو‘ہر انسان کی جان و مال محفوظ ہو‘طبقاتی اونچ نیچ نہ ہو بلکہ تمام لوگوں کو یکساں حقوق حاصل ہوں۔

اس کتاب میں مصنف نے مثالی اسلامی ریاست کے خدوخال پر بحث کی ہے۔ اسلام کا اجتماعی نظام ’’خلافت‘‘ پر استوار ہوتا ہے۔چنانچہ رسول اللہ ﷺ کے بعد تیس سال تک نظامِ خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم رہا۔اس دور میں حضرت ابوبکر صدیقؓ ‘ حضرت عمر فاروقؓ ‘ حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت علیؓ یکے بعد دیگرے خلیفہ رہے۔ان چاروں کو خلفائے راشدین کہتے ہیں۔اس کتاب میں ان چاروں خلفاء کے ادوار کا الگ الگ جائزہ لیا گیا ہے۔اس کے بعد دورِ خلافت معاویہؓ اور یزید کی جانشینی کا ذکر کیا